## 39991 ـ جس نےرمضان كي قضاء كا روزہ كھول ديا اس پر صرف ايك دن كي قضاء ہوگي

**سوال**

ايك عورت حيض كےباعث رمضان كےچھوڑے ہوئے روزے بطور قضاء ركھ رہي تھي تودوران قضاء اسے ماہواري شروع ہوگئي تو كيا وہ ايك دن كي قضاء كرے گي يا دويوم كي ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

اس كےذمہ صرف ان ايام كي قضاء ہوگي جواس نے رمضان ميں روزے نہيں ركھےتھے، كيونكہ جن ايام ميں اسے ماہواري شروع ہوئي ہے وہ ان ايام كےبدلے ميں تھے جواس نے رمضان المبارك ميں نہيں ركھےنہ كہ نئے واجب كردہ روزے ہيں .

ابن حزم رحمہ اللہ تعالي نے اپني كتاب " المحلي " ميں كہا ہےكہ:

جس نے رمضان كي قضاء ميں ركھا ہوا روزہ جان بوجھ كر عمدا كھول ديا تواس پر صرف ايك يوم كي قضاء ہي ہوگي، كيونكہ قضاء كا واجب شرعي واجب ہے جس كا اللہ تعالي نے حكم نہيں ديا، اور نبي صلي اللہ عليہ وسلم سے صحيح ثابت ہے كہ آپ صلي اللہ عليہ وسلم نے رمضان كےيوم كي قضاء كي ، لہذا كسي كےليے بھي يہ جائز نہيں كہ وہ بغير كسي نص اور اجماع كے اس سے زيادہ كرے . اھ

ديكھيں: المحلي لابن حزم ( 6 / 271 )

اور بعض سلف رحمہ اللہ تعالي سے منقول ہے كہ: اس كےذمہ دو يوم كي قضاء ہوگي ايك دن رمضان اور دوسرا قضاء كا . اھ

اور تاج الاكليل ميں ہےكہ:

جس نے بھي رمضان كي قضاء ميں ركھا ہوا روزہ كھول ديا وہ صرف ايك يوم كي قضاء كرےگا.

ديكھيں: تاج الاكليل ( 3 / 387 )

والله اعلم .